# قولونو سکوپی ٹیسٹ: تیاری کیسے کرنی ہے

قولونوسکوپی ٹیسٹ کا اچھا رزلٹ حاصل کرنے کے لیےصحیح تیاری کرنا نہایت ضروری ہے۔
آپ سے درخواست ہے کہ مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کریں۔

## آنتوں کی صفائی

آنتوں کی اچھی صفائی کے لیے ان میں سے اپنی پسند کی ایک دوا خریدیں: PLENVU،
MOVIPREP، CLENSIA اور دوا کے ساتھ دیے گئے ہدایات والے صفحے کے بتائے ہوئے طریقہ کار پر دھیان سےعمل پیرا ہوں، ا ور**پینے کے لیے ایک محلول** تیار کریں اور یہاں بتائے ہوئے ٹائم میں سارا پی لیں۔
پہلا ڈوز پینے کے تقریباً 1-2 گھنٹے کے بعدپاخانہ آنا شروع ہو جائے گا، آہستہ آہستہ یہ پتلا ہوتا جائے گا، حتیٰ کہ یہ صاف ہو جائے گا: یہ آنتوں کی اچھی صفائی کی علامت ہے۔

## ٹیسٹ سے ایک دن پہلے

a. سلیگ فری ڈائٹ شروع کریں: چھلکے یا بیج والے فروٹ، سبزی، سلاد، چاول، دالیں اور بغیر چھانٹے ہوئے اناج سے بنی ہوئی اشیاء کا استعمال متکریں
b. پاستہ، بریڈ، گوشت، مچھلی، انڈہ، آلو اور گاجر کھائے جا سکتے ہیں
c. دن میں کم از کم 2 لیٹر پانی لازمی پینا ہے
d. آنتوں کی صفائی شروع کرنے کے بعد ٹھوس غذا کا استعمال نہ کریں

## ٹیسٹ والے دن

**- اگر ٹیسٹ صبح کے وقت مقرر کیا گیا ہے**،تو آپ آدھی رات کے بعد کھانے پینے سے پرہیز کریں۔
**- اگر ٹیسٹ بعد از دوپہر (دن 2 بجے کے بعد) مقرر کیا گیا ہے** ، توآپ ہلکا ناشتہ کرسکتے ہیں اور اس کے بعد جب تک ٹیسٹ نہیں ہوجاتا ، اس وقت تک کھانے پینے سے پرہیز کریں۔
آپ ٹیسٹ سے 2 گھنٹے پہلے تک صاف پانی اور مائع (چائے ، کیمومائل) پی سکتے ہیں۔

## آنتوں کی صفائی کے لیے محلول کا استعمال کیسے کرنا ہے

آپ اپنی مرضی کے مطابق ان میں سے کسی 1 مصنوعات کا انتخاب کرسکتے ہیں:

***MOVIPREP* یا *CLENSIA***

**صبح کے وقت مقرر کردہ ٹیسٹ**

**ٹیسٹ سے ایک دن پہلے:**
- پہلا ڈوز شام 6.00 بجے سے 7.00 بجے کے درمیان پی لیں
- شام 7.00بجے سے 8.00 بجے تک 1 لیٹر پانی پی لیں
- رات کے کھانے میں سوپ یا صاف مائع پی سکتے ہیں

**ٹیسٹ والے دن :**
- ناشتہ نہیں کر سکتے
- ٹیسٹ سے 4 گھنٹے پہلے ، 30 منٹ میں دوسرا ڈوز

***PLENVU***

**صبح کے وقت مقرر کردہ ٹیسٹ**

**ٹیسٹ سے ایک دن پہلے:**
- پہلا ڈوز شام 6.00 بجے سے 6.30 بجے کے درمیان پی لیں
- شام 6.30 بجے سے 7.30 بجے تک 1 لیٹر پانی پی لیں
- رات کے کھانے میں سوپ یا صاف مائع پی سکتے ہیں

**ٹیسٹ والے دن :**
- ناشتہ نہیں کر سکتے
- ٹیسٹ سے 4 گھنٹے پہلے ، 30 منٹ میں دوسرا ڈوز

SERVIZIO SANITARIO REGIONALE
EMILIA-ROMAGNA
Azienda Unità Sanitaria Locale di Modena

NIP_DS5/v3_01-2023

| ***CLENSIA*** **یا** ***MOVIPREP*** | ***PLENVU*** |
|---|---|
| **دوپہر 2 بجے سے بعد مقرر کردہ ٹیسٹ** | **دوپہر 2 بجے سے بعد مقرر کردہ ٹیسٹ** |
| **ٹیسٹ والے دن :**<br>• ہلکا ناشتہ کر سکتےہیں<br>• دوپہر کا کھانا نہیں کھا سکتے<br>• پہلا ڈوز صبح 7.00 بجے سے 8.00 بجے کے درمیان پی لیں<br>• صبح 8.00بجے سے 9.00 بجے تک 1 لیٹر پانی پی لیں<br>• ٹیسٹ سے 4 گھنٹے پہلے ،ایک گھنٹے میں دوسرا ڈوز پی لیں | **ٹیسٹ والے دن :**<br>• ہلکا ناشتہ کر سکتےہیں<br>• دوپہر کا کھانا نہیں کھا سکتے<br>• پہلا ڈوز صبح 7.00 بجے سے 7.30 بجے کے درمیان پی لیں<br>• صبح 7.30بجے سے 8.30 بجے تک 1 لیٹر پانی پی لیں<br>• ٹیسٹ سے 4 گھنٹے پہلے ، 30 منٹ میں دوسرا ڈوز پی لیں |

## ہدایات اور مزید معلومات

**a.** اگر آپ فیویزم یا فینیل کیٹونوریا کا شکار ہیں تو ، جس کلینک میں آپ کا علاج ہونا ہے وہاں کے گیسٹر وانٹرالوجیسٹ کو آگاہ کریں ، وہ آپ کو آنتوں کی صفائی کے لیے مناسب دوا تجویز کرے گا

**b.** اگر آپ حاملہ ہیں تو جس کلینک میں آپ کا ٹیسٹ ہونا ہے ، وہاں رابطہ کریں اور گیسٹر وانٹرالوجیسٹ کو آگاہ کریں

**c.** اگر آپ کا وزن 100 کلو گرام سے زیادہ ہے یا آپ کو رات کو سوتے وقت سانس کا پرابلم ہوتا ہے یا آپ گھر میں آکسیجن تھراپی کا استعمال کر رہے ہیں تو، جس کلینک میں آپ کا ٹیسٹ ہونا ہے، وہاں رابطہ کریں اور گیسٹر وانٹرالوجیسٹ کو آگاہ کر دیں

**d.** اگر آپ کو لیٹیکس سے الرجی ہے یا آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو الرجی ہے، تو اس ہسپتال سے رابطہ کریں جہاں آپ کا ٹیسٹ ہونا ہے، طبی عملے سے بات کریں۔

**e.** اگر آپ دوائیاں لے رہے ہیں تو ، محلول پینے کے ایک گھنٹہ بعد ٹیسٹ کی صبح ، آپ عام طور پر تھراپی لے سکتے ہیں (جیسے اینٹی ہائی بلڈ پریشر ، قلبی امراض)

f. اگر آپ اینٹی کو گیولنٹ ، اینٹی اپلیٹ ایجنٹ ، انسولین یا ذیابیطس کے علاج کے لیے دوائیاں استعمال کر رہے ہیں تو ، ٹیسٹ سے کم ازکم 7 دن پہلے اپنے فیملی ڈاکٹر سے رابطہ کریں
یاد رکھیں یہ ساتھ لانے ہیں:

g. - ٹیسٹ کے لیے ڈاکٹر کا نسخہ (جس پرتجویز کردہ ٹیسٹ تحریر ہو )
- قولونوسکوپی کے متعلق ممکنہ طور پر پہلے کیے گئے ٹیسٹ کی رپورٹس یا ماہر ڈاکٹر سے چیک اپ کی رپورٹ
- ممکنہ طور پر زیر استعمال ادویات کی لسٹ

h. کسی بھی سوال کی صورت میں یا معلومات لینے کے لیے ڈائجیسٹیو اینڈوسکوپی سروس سے رجوع کریں

**انتباہ!** عام طور پر کولونوسکوپی بے ہوشی کی حالت میں کی جاتی ہے۔ لہذا ضروری ہے کہ آپ کسی بالغ کو ساتھ لائیں جو گاڑی چلا سکتا ہو۔

**اس ہسپتال سے رابطہ کرنے کے لیے جہاں ٹیسٹ کیا جانا ہے**، ویب سائٹ پر رابطہ کی تفصیلات دیکھیں: www.ausl.mo.it/endoscopia
یا اپنے موبائل فون کے ساتھ یہاں QR کوڈ اسکین کریں۔

**Azienda USL di Modena**
Via S. Giovanni del cantone, 23 – 41121 Modena – www.ausl.mo.it - Partita IVA 02241850367